(۲)

نام کتاب : مثالی استاد (حصہ اوّل)

مصنف : محمد حنیف عبدالمجید

ضخامت : 392 صفحات ۔ قیمت: درج نہیں

ملنے کا پتہ: ☆ مکتبہ بیت العلم' G-29 گراؤنڈ فلور' اسٹوڈنٹ بازار نزد مقدس مسجد' اردو بازار کراچی

☆ مکتبہ رحمانیہ' اردو بازار' لاہور

''مثالی استاد'' (حصہ اوّل) معروف عالم دین مولانا محمد حنیف عبدالمجید کی کتاب ہے۔ موصوف کئی دوسری کتابوں کے مصنف بھی ہیں۔ ان کی کتابیں اصلاحی عنوانات پر ہیں جو صحیح اسلامی معاشرہ کے قیام کی جدوجہد میں ٹھوس راہنمائی مہیا کرتی ہیں۔ ''مثالی استاد'' میں انہوں نے معلم کو اُس کے حقوق و فرائض سے بڑے دل نشین انداز میں آ گاہ کیا ہے۔ چونکہ معلم کا کام نئی پود کی راہنمائی کرنا ہے اس لیے اُس کی شخصیت کردار سازی میں نمونہ ہونی چاہیے۔ اسی جذبے کے تحت یہ کتاب لکھی گئی ہے۔ دینی مدارس اور دیگر ہر طرح کے تعلیمی اداروں کے اساتذہ کے لیے اس میں مفید معلومات یکجا کر دی گئی ہیں۔ کامیاب اور ہر دلعزیز استاد بننے کے لیے اس کتاب کا مطالعہ بہت ضروری ہے۔

عنوان کے اعتبار سے تو یہ مثالی استاد کے علم و عمل اور اخلاق و کردار پر روشنی ڈالتی ہے' مگر یہ سب لوگوں کے لیے انتہائی مفید معلومات فراہم کرتی ہے' کیونکہ ہر شخص کسی نہ کسی اعتبار سے دوسروں کی راہنمائی پر مامور ہے۔ دفتر میں آفیسر' کارخانے میں کارخانہ دار' دکان میں دکاندار' گھر میں میاں بیوی' غرض ہر ادارے میں جو ذمہ دار افراد ہیں اس کتاب میں اُن سب کے لیے رہنمائی موجود ہے۔ بڑی شاہکار تصنیف ہے' اس کا مطالعہ ہر طبقے کے افراد کے لیے مفید رہے گا۔

کمپوزنگ کی چند ایک اغلاط موجود ہیں جن کی اصلاح ضروری ہے۔ کتاب کا ٹائٹل خوبصورت اور جلد مضبوط ہے۔